سبق نمبر ۔۹

سورۃالبقراء آیات نمبر۴۸۔۴۰

(40-48)

سوال ا- بنی اسرآئیل کون ہیں؟

جواب - یہ لقب اللہ نے حضرت یعقوب کو دیا - اسرا کا مطلب بندہ اور ئیل کا مطلب اللہ یعنی عبداللہ- مطلب اللہ کا بندہ حضرت یعقوب کی قوم بنی اسرآئیل ہے-

سوال ۲- قرآن میں اس قوم کا ذ کر کیوں ہے؟

جواب - اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو بیشمار نعمتوں سے نوازا اس میں ہمارے لیے پیغام پوشیدہ ہے-کہ یہ علم والے تھے انھیں اللہ نے تورات دی تھی-انکا مکہ اور مدینہ میں رعب تھا - ایک طرح سے ان کی ملامت کی جارہی ہے کہ اللہ نے دنیا والوں پر فضیلت دی انھیں ہدایت دی انھیں دین کے لیے چنا انکی کتابوں میں حضور پر ایمان لانے کی تصدیق موجود تھی انھیں پتا تھا کہ آخری نبی اسی علاقے میں یعنی مکہ یا مدینہ میں ہی آئیں گےتو انھیں ان پر ایمان لانا ہے -

سوال ۳- بنی اسرآئیل حضور پر ایمان کیوں نہیں لائے؟

جواب- کیونکہ حضورؐ بنی اسرآئیل یعنی حضرت یعقوب کی اولاد میں سے نہیں تھے- اُنھوں نے اپنی ہٹ دھرمی کی وجہ سے حضورؐ کو آخری نبی قبول نہیں کیا-

سوال ۴- حضورؐ کس کی اولاد میں سے تھے؟

جواب - حضرت ابراھیم کے دو بیٹے تھے- حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق - حضور حضرت اسماعیل کی اولاد میں سے تھے- حضرت اسحاق کے بیٹےحضرت یعقوب علیه سلام تھے اور اس وقت تک تمام پیغمبر حضرت یعقوب کی اولاد میں سے ہی آرہے تھے-

سوال ۵- شریعت کیا ہے؟

جواب - شریعت اللہ اور بندوں کے درمیان معاہدہ ہے-

QURANNATION.COM

سوال ۶- فارْهَبُوْن کا کیا مطلب ہے؟

جواب- مجھ سے ڈرو یعنی اللہ کے عہد کے تقاضوں کو پورا کرو-

سوال ۷- کیوں یہ کہا جا رہا ہے کہ صرف مجھ ہی سے ڈرو؟

جواب - بنی اسرآئیل کا خیال تھا کہ اگر حضرت ﷴ صل اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئے تو خلافت اُمیوں کے پاس چلی جائے گی اور اللہ فرمارہے ہیں کہ تم نے اللہ کا عہد پورا کیا تو تمہیں سب کچھ مل جائے گا اسلئے صرف مجھ سے ڈرو-

سوال ۸- اگر بنی اسرائیل ایمان لے آتے تو کیا ہوتا؟

جواب بنی اسرائیل علم والے تھے -انکی کتابوں میں پیغمبر کے آنے کا ذکر موجود تھا اگر وہ ایمان لے آتے تو اُمّی لوگ بھی ایمان لے آتے-

سوال ۹- ھمارے لیے اس میں کیا سبق ہے؟

جواب - یہ سبق ہے کہ آنکھ بند کر کے کسی دوسروں کی بتاۓ ہوۓ باتوں پر عمل نہ کریں - خود تحقیق کریں اور عہد الست کو بھی یاد رکھیں جو ہم نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے- صرف اللہ سے ڈریں - اللہ کا خوف دل میں ضروری ہے- اور اللہ ہر وقت مدد ماگتے رہنا ہے

سوال ۱۰- بنی اسرآئیل کو اور کیا کیا جا رہا ہے؟

جواب- بنی اسرائیل کو یاد کرایا جارہا ہے کہ قرآن پر ایمان لاؤ اس میں تمہاری کتابوں تورات اور کی تصدیق کی جارہی ہے - اور تم سب سے پہلے انکار کرے والے نہ بن جاؤ-

سوال ۱۱- کیا مسلمانوں کے لئے تورات اور زبور کو ماننا ضروری ھے ؟

جواب - جی ہاں ہمارے لیے سارے پیغمبروں اور کتابوں کو ماننا ضروری ھے لیکن عمل صرف قرآن پر ہی کرنا ہے

سوال ۱۲- وہ حق کو اور کتاب کو تسلیم کیوں نہیں کرتے تھے؟

- جواب - صرف تکبّر کی وجہ سے وہ حق کو اور قرآن کو تسلیم نہیں کرتے تھے

QURANNATION.COM

سوال ۱۳- آیات کیسے فروخت کی جاتی ہے؟

جواب - دنیاوی مفادات کی خاطر آیات میں ایسی باتوں کوچھپالیا جائے جیسے حق اور باطل کوملانا، سود اور تجارت کے بارے میں مختلف طریقوں سے انھیں جائز قرار دینا، وغیرہ غریب اور أمیر کے لیے الگ فتویٰ دینا۔

سوال ۱۴- اگر نیکی کرنے کا موقعہ بار بار ملے تو کیا کرنا ہے؟

جواب - اگر نیکی کا موقعہ ملے تو کبھی بھی تکبر نہیں کرنا عاجزی اور انکساری سے کام لینا ہے

سوال ۱۵- مومن کی مثال کیسی ہے ؟

-جواب - مومن کی مثال پھل دار درخت جیسی ہے جو جھکا ہوا اور پھل بھی دیتا ہے

سوال۱۶- یہود سے جو اللہ نے عہد لیا تھا وہ کیا تھا ؟

جواب- عہد میں تین چیزیں واقع ہوتی ہیں –

نمبر ۱- وہ تورات کی شریعت پر پوری طرح مضبوطی سے قائم رہیں گے-

نمبر۲- اس قرآن پر ایمان لائیں گے جس کی پیشن گوئیاں انکی کتابوں میں موجود تھیں
نمبر۳- انکو جو کتاب دی گئ ہے اسے دنیا کی سامنے شہادت کے طور پر رکھیں گیں خالی وہ باتیں صرف نہ بتائیں جو انکے فائدے کی ہیں

سوال ۱۷- کیا انھوں نے اپنا عہد پورا کیا ؟

-جواب - انھوں ایک بھی عہد پورا نہیں کیا

سوال ۱۸- ہمارے دل میں اللہ کا خوف کیسے آئے گا ؟

جواب- صرف یہ کہنے سے کہ میں اللہ سے ڈرتی ہوں اللہ کا خوف نہیں آتا اسکے لے ضروری ہے کہ اللہ کی بڑائ محسوس بھی کریں اور عملاً اس سے ڈریں تو تقویٰ اختیار ہوتا ہے

سوال ۱۹- یہودنے تورات کے ساتھ کیا معاملہ کیاتھا ؟

QURANNATION.COM

جواب-   یہود نے تورات کے کچھ چیزوں کو بدل دیا تھا بعض کو نکال دیا تھا - حضور کی بارے میں باتوں کو نکال دیے اور چھپا دیے - حق آور باطل کو مکس کر دیتے تھے حق کو چھپا کر باطل کو آگے کرتے تھا۔

سوال۲۰- کیا نماز اور زکواۃ ہر دین کا رکن ہے؟

جواب-   نماز اور زکواۃ ہر دین کا اہم رکن رہا ہے - یہودی نماز کو بلکل چھوڑ چکے تھے - زکواۃ بھی نہیں دیتے اور سود میں پڑچکے تھے

سوال۲۱- کیا نماز باجماعت پڑھناصروری ہے؟

جواب-   یہودیوں کے لے نماز کا جماعت کے ساتھ کا حکم نہیں تھا لیکن مسلمان مردوں کے لے نماز باجماعت ضروری ہے اور بلا عذر چھوڑنا کبیرا گناہوں میں سے ہے

سوال ۲۲- کیا باجماعت نماز کا ثواب زیادہ ہے؟

-جواب-   اکیلے نماز کے مقابلے میں باجماعت نماز کا ۲۷ گنا زیادہ ہے

سوال ۲۳- نماز کی حفاظت کی کیا حدیث ہے؟

جواب -   حضور نے فرمایا جس نے نماز کی حفاظت کی اس کے لے قیامت کے دن نور برہان اور نجات کا باعث ہوگی اور جس نے نماز کی حفاظت نہ کی اس کے لئے نہ نور ہوگا نہ برہان اور نہ ہی نجات ا ور وہ قارون، فرعون اور ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہو گا۔

سوال ۲۴- نماز کی حفاظت کیسے کی جا تی ہے ؟

- جواب -   صحیح وقت پر صحیح رکوع اور سجود کرنا نماز کی حفاظت ہے

سوال ۲۵- زکواۃ کیا ہے؟

جواب -   اپنے مال میں سے کچھ حصہ شریعت کے مطابق دینا ہے ، نماز اور زکواۃ اجتماعی کام ہیں اور اجتماعیت میں ہی خیر ہوتی ہے۔

سوال ۲۶- بعض یہودی علماء اپنے اپنے مسلمان رشتے داروں کو کیا کہتے تھے ؟

QURANNATION.COM

جواب- کہتے تھے یہ دین ٹھیک ہے اس پر قائم رہو لیکن دنیاوی مفاد کی وجہ سے خود دین میں شامل نہیں ہوتے تھے - انھیں ڈر تھا کہ ہماری سیاست اور سرداری ختم ہو جائیگی-

سوال٢٧ - بِر کا کیا مطلب ہے؟

جواب- ہر قسم کی نیکی کے لیے" بِر"کا لفظ آتا ہے اور قرآن پاک میں کئ جگہ یہ لفظ موجود ہے-

سوال ٢٨- یہاں "بِر" کا کیا مطلب ہے؟

-جواب- دوسروں کو نیکی کا حکم دینا اور خود بھی اس پر عمل کرنا

سوال٢٩- حضور جب پریشان ہوتے تھے تو کیا کرتے تھے؟

جواب - آپ جب بھی پریشان ہوتے تو فوراً نماز کی طرف دوڑتے تھے اور اپنے اللہ سے رجوع کرتے تھے-

سوال ٣٠- قرآن پڑھنے کا مقصد کیا ہے ؟

جواب - علم حاصل کرنا پھر اس پر عمل کرنا اور آگے لوگوں تک پہنچانا

سوال- ٣١- نیک کام کرتے ہوئے کوئ مشکل یا تکلیف آئے تو کیا کرنا چاہئے ؟

جواب- نیک کام کرتے وقت مشکل یا پریشانی آئے تو صبر اور نماز سے مدد لینی چاہئے-

سوال٣٢- صبر کے معنی ہیں اس کی کب ضرورت پڑتی ہے؟

جواب- صبر کے معنی برداشت کرنا -اصل صبر وہ ہے جب صد مہ شروع ہو اور انسان برداشت کرے، صبر کرے،اور نماز ادا کرے-

سوال ٣٣- کیا صبر صرف تکلیف میں ہی ہوتا ہے ؟

جواب- صبر خوشی میں بھی ہوتا ہے کیونکہ خوشی میں انسان آپے سے باہر ہو کر اللہ کی نافرمانیاں کرنے لگتا ہے - اور صبر کرنے سے انسان ان بُرے کاموں کو اللہ کی خاطر چھوڑتا ہے اور پھر مدد نماز سےلیتا ہے-

QURANNATION.COM

سوال۳۴- یہ سارے نیک کام کون کرےگا ؟

جواب - جیسے یقین ہو کہ اسے اللہ کی طرف لوٹنا ہے- اس سے پوچھ ہوگی کہ اس نے زندگی کیسے گزاری اگر وہ اپنی کوشش کرتا رہےگا تو وہ غافلوں میں نہیں ہوگا-

سوال۳۵- نماز کن پر بھاری ہے؟

جواب- جن میں خشیعت نہیں ہے - نماز کے لے صبر کی بہت ضرورت ہے - صبر اور نماز ایك دوسرے کی غذا ہے - جس میں صبر ھے اسکی نماز بہت بہتر ہوتی ہے

سوال ۳۶- نماز سے صبر کا کیا تعلق ہے؟

جواب - نماز اور صبر کا بہت گہرا تعلق ہے - نماز کے دوران بات نہیں کی جاسکتی کوئ دوسرا کام نہیں کیا جاسکتا - یہاں تک کوشش کرنی ہے کہ کوئ دوسرا خیال بھی ذھن میں نہ آئے-

سوال۳۷- کس قوم کو فضیلت کب اور کیوں دی جاتی ہے؟

جواب - جب کسی قوم کو بہت ساری نعمتیں دی جاتی ہیں - خوب صلاحیتیں دی جاتی ہیں - اسباب پر اسے دوسری قوموں پر فضیلت ملتی ہے اور ساتھ ہی اس کی ذمہ داری بھی بڑھ جاتی ہے-

سوال ۳۸- بنی اسرآئیل کو دوسری قوموں پر فضیلت دی گئ؟

جواب- ۱- سب سے پہلے تو تمام مخلوقات پر فضیلت، اشرف المخلوقات بنایا جانور چرند پرند سب پر فضیلت دی

2 وہ اہلِ کتاب تھے ، بہت سے پیغمبر انکی قوم میں سے تھے، اہلِ علم تھے، اس طرح انہیں دوسری قوموں پر فضیلت حاصل ہوئ تھی

سوال۳۹- اب کون فضیلت والا ہے ؟

جواب- اب ہم مسلمان فضیلت والے ہیں- اشرف المخلوقات ہیں - اخری نبی هم میں سے تھے - ہمیں قرآن دیا گیا اس طرح ہمیں بہترین اُمت قرار دیا گیا-

سوال ۴۰- بنی اسرآئیل کی کیا ذمه داری تھی ؟

QURANNATION.COM

جواب- جو کتاب انھیں دی گئ تھی اسے پڑھیں سمجھیں اور لوگوں تک پہنچائیں لیکن انھوں نے اس کے برعکس کیا-

-سوال ۴۱- بنی اسرآئیل سے فضیلت لے کر مسلمانوں کو کیوں دی گئ

جواب - انھوں نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی - انھیں وَالضّالین میں ڈال دیا گیا اوراُمتِ محمد یہ کو دے دی گئ

سوال۴۲- نیکی کا موقعہ ملے تو کیا کرنا چاہئے؟

جواب- نیکی کا موقعہ ھاتھ سے نہیں جانے دینا چاہئے کم یا زیادہ جتنا کرسکیں اپنا حصہ ضرور ڈالنا چاہئے-

سوال ۴۳- نیکی کرنے کے بعد کیا کرنا ہے ؟

جواب - اللہ سے ڈرتے رہنا چاہئےکہ میری نیکی قبول ہورہی ہے کہ نہیں اور خوش بھی ہونا چاہئے کہ اللہ نے مجھے نیکی کے کام کے لیے چناہے - انکساری اختیار کرنا چاہئے-

سوال ۴۴- قیامت کادن کیسا ہوگا؟

جواب - کوئ نفس کسی نفس کے کام نہ آئے گا- اس دنیا میں اکیلے آئے ہیں اور اکیلے ہی جانا ہے - اس دن اپنے اعمال کا حساب دینا ہے- اس لیے اس دن کے حساب سے ڈرتے رہنا چاہیے-

سوال۴۵- علماء یھود نے اپنی کتاب کے ساتھ کیا کیا تھا ؟

جواب - انھوں نے کچھ کو مٹا دیا - کچھ کو توڑ مروڑ کر پیش کیا- کچھ کو بدل ہی ڈالا-

سوال۴۶- کیا ممکن ہے کہ قرآن کے ساتھ ایسا کیا جاسکے گا؟

جواب - اُمتِ مسلمہ ایسا نہیں کرسکتی کیونکہ قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری خود اللہ نے لے رکھی ہے لیکن بہت سے لوگ اسکی تفسیر اور معنوں میں تبدیلی کر دیتے ہیں اسلے ضروری ہے کہ قرآن کو لفظ بہ لفظ سمجھیں-

سوال ۴۷ – شفاعت کے کیا معنی ہیں ؟

QURANNATION.COM

جواب-   ایک چیز کو دوسری چیز سے ساتھ ملانا - کسی کمزور آدمی کی مدد کے لیے کسی بڑے آدمی کا ساتھ مل جانا- شفا رش کرنے والا حاجت مند کا جوڑا بن جانا اسلیے اسے شفیع کہا جاتا ہے-

سوال ۴۸- منافق کا انجام کیا ہے؟

-جواب-   دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوگا

سوال۴۹- قرآن پڑھنے کا طریقہ اور مقصد کیا ہے ؟

جواب-ا- قرآن پڑھتے ہوئے سب سے پہلے اس آیت کا شانِ نزول دیکھنا ہے- کہ کس زمانے اور کس حالات نازل ہوئ-

2 - پھر اپنے آپ کو چیک کرنا ہے کہ پچھلی امتوں کی برائیاں بتائ جارہی ہے وہ میرے اندر تو نہیں

3- متقیوں کے بارے میں آنے والی آیات کو پڑھ کر کوشش کرنا چاہئے انکی تمام اچھی عادت کو اپنایا جائے یہی قرآن پڑھنے کا مقصد ہے-

سوال۵۰- جھوٹ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب- جھوٹ مذاق میں بھی نہیں بولنا- لوگوں کی توجہ حاصل کرنے کے لئے مذاق میں بھی نہیں بولنا دراصل یہ منافقین کی بیماری ہے صرف وہاں پر اجازت ہے جہاں جھوٹ کا سہارا لے کر دو لوگوں میں صلح کروانا مقصود ہو-

سوال۵۱- منافقین کا فساد کیا تھا؟

جواب-   انکی دلی ہمدردیاں کافروں اور یہودیوں کے ساتھ تھی - وہ مسلمانوں کے دشمن تھے - مسلمانوں رہ کر کافروں اور یہودیوں کےلیے جاسوسی کرتے تھے جنگ کی صورت میں مسلمانوں کے راز دشمنوں تک پہنچاتے تھے-

سوال۵۲- منافقین کی حسد کی بیماری کیسے بڑھتی گئ؟

جواب-   انکی شازشوں کے باوجود اسلام بڑھتا رہا پھلتا پھولتا رہا- جوں جوں اسلام پھیلتا رہا انکی بیماری بڑھتی رہی - اور یہ ہوا کہ دنیا میں حسد اور کینہ کی آگ میں جلتے رہے اور مرنے کے بعد یقیناً دوزخ کی آگ میں جلیں گے-

QURANNATION.COM

سوال۵۳- فساد کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب- خرابی اور بگاڑ - اردو کے مقابلے میں عربی میں فساد کے معنی بہت وسیع ہے ہر چیز کو اپنے حدود سے نکلنے کو فساد کہا جاتا ہے - فساد سے مراد کفر اور گناہ کا کام۔

سوال ۵۴- فساد میں کیا کیا چیز آتی ہے؟

جواب- کسی بات کو ادھر سے ادھر کرنا- آپس میں لڑائیاں کروانا - حق بات کو چھپانا - دوسروں کے عیبوں کو اچھالنا وغیرہ۔

سوال۵۵- منافقین کے فساد کا نتیجہ کیا ہوا؟

جواب - ان پر سے مسلمانوں کا اعتماد اٹھ گیا- کافر بھی انکے خلاف ہوگئے انکی ان حرکتوں کی وجہ سے نتیجہ یہ نکلا کہ دنیا اور آخرت میں رسوآئ ہی رسوآئ ہے

سوال۵۶- مومن اور منافق میں کیا فرق ہے ؟

جواب - منافق مفاد پرست ہوتے ہیں - جہاں کوئ مشکل آئ تو پیچھے ہٹ جاتے ہیں - مومن دین پر ڈٹے رہتے ہیں اور دین کی خاطر ہر مشکل برداشت کرنے کو ہر وقت تیار رہتے ہیں - منافق آستین کا سانپ ہوتے ہیں دیکھنے میں مسلمان مگر حقیقت میں کافر ہی ہوتے ہیں۔

سوال ۵۷- اس سے کیا مراد ہے کہ اللہ ان کا مزاق اُڑا رہا ہے؟

- جواب - مطلب یہ ہے کہ ان کی سرکشی میں انہیں ڈھیل دے رکھی ہے۔

سوال۵۸- کیا منافق مسلمانوں کے درمیان ہی رہتے تھے؟

جواب- جی ہاں منافقین دکھنے میں مسلمان ہی تھے اور ہر وقت مسلمانوں کی مجلسوں میں موجود ہوتے تھے- نمازیں ساتھ پڑھا کرتے تھے جنگ میں اور اسکی تیاری میں بھی حصہ ڈالتے تھے بظاہر مشقت اٹھاتے تھے لیکن دل سے مسلمانوں کے ساتھ شامل نہیں - اس بناپر انکا ٹھکانہ جہنم ہے۔

سوال ۵۹- کامیاب تاجر کون ہے؟

QURANNATION.COM

جواب -   جو اچھی منصوبہ بندی کرتا ہے - اپنےفائدے کو مختلف زاویوں سے دیکھتا ہے کہاں فائدہ زیادہ ہے پھر دیکھتا ہے کہ اگر نقصان ہو تو اس سے کیسے بچا جا سکتا ہے۔

سول ۶۰- ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی سے کیا مرآد ہے؟

جواب-   ایمان کے بدلے کفر کا سودا کیا - انکے پاس ہدایت پہنچی لیکن انھوں نے ہدایت سے فائدہ نہیں اُٹھایا اور حق سے منہ موڑ لیا اور جس نے فرماں برداری کی اس نے گمراہی کے بدلے ھدایت پا لی۔

سوال ۶۱- آیات میں تجارت کا مقصد کیا ہے

جواب -   منافقین کی ھدایت کے بدلے گمراہی کی طرف جانے کو تجارت کہا جارہا ہے - کہ انھیں تجارت کا طریقہ بھی نہ آیا کہ فائدہ مند چیز کے بدلے نقصان دہ چیز خرید لی

سوال ٦٢-   "عَذَابٌ الیم " کیا ہے ؟

جواب-   یہ ایسا عذاب ہے جو کبھی ہلکا نہیں ہوتا - جہنم کا عذاب ایسا عذاب جہاں کہیں موت نہیں آئے گی - وہ مستقل اور دردناک عذاب ہے۔

QURANNATION.COM